## Urdu (Compulsory) Paper – XI (01) (19)

Name

Roll No 118895

1۔ ہر سوال کے سامنے چار دائرے دیئے گئے ہیں، صرف صحیح جواب والا دائرہ بھر دیں۔

2۔ دائروں کو شیڈ (بھرنے) کے لئے نیلے یا کالے رنگ کا مارکر استعمال کریں۔

3۔ جواب میں ایک سے زائد دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

Total Marks : 100

Time Allowed: 20 Minutes

Total Time Allowed: 3 Hours

### SECTION – A

Marks : 20

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آغا حشر کا پہلا مقبول ڈرامہ ------ تھا۔ | یہودی کی لڑکی | آفتاب محبت | خواب ہستی | مرید شک |
| 2 | صاحب ---- کے چمن میں گلاب کا کوئی پھول اس وقت نظر نہ آیا۔ | بوستان | گلستان | دیوان | چمنستان |
| 3 | فسانۂ آزاد میں فنی لحاظ سے ---- کے خدوخال ملتے ہیں۔ | ڈرامہ | افسانہ | ناول | داستان |
| 4 | تم دل ---- بنے رشکِ مسیحا کیسے۔ | آزار | آرام | آویز | افروز |
| 5 | مرزا محمود سرحدی ---- میں پیدا ہوئے۔ | لاہور | کوئٹہ | پشاور | دہلی |
| 6 | ہم لوگوں کے یہ خیال ہیں کہ کوئی ---- ملے۔ | جن | خزانہ | رہنما | خضر |
| 7 | "آئینِ قیصری" کے مصنف ---- ہیں۔ | مولوی ذکاء اللہ | سرسید احمد خان | ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان | مشتاق احمد صدیقی |
| 8 | روم ---- پہاڑوں پر بنا ہوا ہے۔ | تین | پانچ | سات | آٹھ |
| 9 | کلام میں ایک چیز کی مناسبت سے مختلف چیزوں کا ذکر کرنا جس میں کوئی تضاد نہ ہو ---- کہلاتا ہے۔ | حسنِ تعلیل | مراعاۃ النظیر | تلمیح | تضاد |
| 10 | آل انڈیا مسلم لیگ کا قیام ---- میں عمل میں آیا۔ | 1902ء | 1903ء | 1906ء | 1907ء |
| 11 | خدیجہ مستور کی والدہ ---- ایک اچھی شاعرہ اور مضمون نویس تھیں۔ | نور جہاں | انور جہاں | جہاں آراء | رفعت جہاں |
| 12 | نظم "جلوۂ سحر" ---- نے لکھی ہے۔ | حفیظ جالندھری | الطاف حسین حالی | سید ضمیر جعفری | میر انیس |
| 13 | اسلام کا مرکزی ---- جزیرۃ العرب ہی ہے۔ | منبع | چشمہ | خطہ | جغرافیہ |
| 14 | نظیر اکبر آبادی کے والد کا نام ---- تھا۔ | سید محمد ہارون | سید محمد فاروق | سید محمد یوسف | سید محمد یعقوب |
| 15 | مدرسے کو شاگردوں کا ---- ہو گیا ہے۔ | سامنا | توجہ | قرضہ | ادھار |
| 16 | "لطائفِ غیبی" ---- کی تصنیف ہے۔ | اسد اللہ غالب | میر تقی میر | خواجہ میر درد | اکبر الہ آبادی |
| 17 | ڈاکٹر عبادت بریلوی ---- میں ملازمت سے سبکدوش ہوئے۔ | 1979ء | 1980ء | 1981ء | 1983ء |
| 18 | قتلِ عاشق کسی ---- سے کچھ دور نہ تھا۔ | جاناں | دشمن | محبوب | معشوق |
| 19 | ---- کی غزل میں میر و غالب کا سا تغزل ملتا ہے۔ | حالی | داغ | درد | ذوق |
| 20 | جس میں ہماری ---- اقدار سب سے اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ | علمی | روایتی | تہذیبی | مذہبی |

eduvision.edu.pk

P-438 PR XI (01) 19

# اُردو (لازمی) (نیو کورس)

**Inter Part-I**
**(Fresh/Reappear)**

نوٹ:- سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے 40 منٹ ہیں۔

## سیکشن (ب)

نمبر:50

سوال-II درجہ ذیل میں سے دس (10) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

(۱) نیچر کا کیا قاعدہ ہے؟

(۲) چھمی کے کردار پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(۳) نظم "یہ سڑکیں" میں شہر کی سڑکوں کا نقشہ کس طرح کھینچا گیا ہے؟

(۴) مصنف نے جھوٹوں کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

(۵) جملوں میں استعمال کریں۔ مینڈھے لڑانا، تجسس، مبہم، بے ہنگم، بے نقط سنانا

(۶) روز مرہ اور محاورہ کی تعریف کریں۔ اور دو دو مثالیں دیں۔

(۷) شیخ سعدی کے مزار پر مصنف کی کیا کیفیت ہوئی؟

(۸) نظم "پرانا کوٹ" کا مرکزی خیال لکھیں۔

(۹) ہم کس طرح اپنے سماجی مسائل میں کمی لا سکتے ہیں؟

(۱۰) نظم، غزل اور شعر کی تعریف کریں۔

(۱۱) نظریہ پاکستان کے مقاصد کے حصول کیلئے طلبہ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

(۱۲) ماہر القادری کی شاعری پر مختصر نوٹ لکھیں۔

(۱۳) ڈاکٹر عبادت بریلوی کی پانچ تصانیف کے نام لکھیں۔

## سیکشن (ج)

نمبر:30

eduvision.edu.pk

سوال-III درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جزو کی سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ 10

(الف) "انسان ایک سماجی مخلوق ہے۔ ایک دوسرے سے مل جل کر رہتا ہے۔ اور اس پر جو کچھ گزرتی ہے، جو سانحات بھی اس کے دل پر اپنے نقوش چھوڑتے ہیں، حالات کی جن کروٹوں سے بھی وہ متاثر ہوتا ہے، اُن سب کو کسی نہ کسی صورت میں ساتھیوں تک پہنچا دینا، اس کی سب سے بڑی خواہش ہوتی ہے"۔

(ب) "کھنڈرات کی کرسی زمین سے کوئی تیس چالیس فٹ اونچی ہے۔ اور اس پر چڑھنے کیلئے چوڑی سیڑھیوں کا سلسلہ ہے۔ ان سیڑھیوں پر گھوڑے مع سواروں کے ٹاپیں مارتے چڑھتے تھے۔ لیجیے! اب مسطح میدان ہے۔ بہت سے محلوں میں تو میناروں کے فقط ٹھنٹھ باقی ہیں لیکن بعض منارے اب بھی آسمان سے باتیں کرتے نظر آتے ہیں"۔

سوال-IV درج ذیل اجزاء میں کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔ 10

(الف)
ہو مرا ریشۂ امید، وہ نخل سرسبز — جس کی ہر شاخ میں ہو پھول، ہر اک پھول میں پھل
صفِ محشر میں ترے ساتھ ہو تیرا مداح — ہاتھ میں ہو یہی مستانہ قصیدہ، یہ غزل

(ب)
اخلاص دل سے چاہیے سجدہ نماز میں — بے فائدہ ہے ورنہ جو یوں وقت کھوئیے
اب جان جسم خاکی سے تنگ آ گئی بہت — کب تک اس ایک ٹوکری مٹی کو ڈھوئیے

سوال-V اپنے پرنسپل صاحب کو کیریکٹر سرٹیفیکیٹ کے حصول کیلئے درخواست تحریر کریں۔ 5

**یا**

دو دوستوں کے درمیان ٹریفک کے بے ہنگم مسائل پر مکالمہ تحریر کریں۔

سوال-VI ایک پرانی موٹر کار کی آپ بیتی تحریر کریں۔